URDU COURSE (B) (CODE-303)

CLASS- X

(2023 - 24)

اردو

کل نمبر:80 | وقت:3 گھنٹے

**حصہ (الف) :عبارت فہمی اور شعر فہمی (Reading and Comprehension)** **20**

☆ **دو غیر درسی اقتباسات (Unseen Passages)** (ایک نثری اور ایک شعری) دیے جائیں گے۔ دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔ نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اور شعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعر فہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دو سوال اور متبادل جواب والے دو سوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

☆ **دو درسی اقتباسات (Seen Passages)** (ایک نثری اور ایک شعری) دیے جائیں گے۔ دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔ نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اور شعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعر فہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دو سوال اور متبادل جواب والے دو سوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

**حصہ (ب): تحریری مہارت (Writing Skill)** **25**

**مضمون نگاری:** 10

☆ 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھوایا جائے گا جو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت دیا جا سکتا ہے۔

چھٹی کے بعد اسکول کا پہلا دن، قومی تیوہار، مذہبی تیوہار، کسی کھیل یا میلے کا آنکھوں دیکھا حال، تاریخی مقامات کی سیر، اسکول کا سالانہ جلسہ، پسندیدہ شخصیت، صحت اور کھیل کود وغیرہ

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اور عنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درخواست/خطوط نگاری:** 05

☆ درخواست: فیس معافی، سیکشن بدلنے، کسی تقریب میں شرکت کی اجازت، چھٹی وغیرہ

☆ خط: نجی (والد، والدہ، بھائی، بہن، خویش و اقارب اور دوست و احباب وغیرہ کے نام)

دفتری (گاؤں، سوسائٹی، صحت اور دیگر مسائل سے متعلق)

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اور عنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درسی کتاب کے اسباق سے متعلق نوٹ:** 10

☆ درسی کتاب میں دیے گئے نثری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، مصنفین (منشی پریم چند، حبیب تنویر، رتن سنگھ) کے حالات زندگی، طرز تحریر، کہانی کے کردار وغیرہ میں سے دو عنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (5X1=5)

☆ درسی کتاب میں دیے گئے شعری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، شعرا (غالب، اسمٰعیل میرٹھی، ساحر لدھیانوی) کے حالات زندگی وغیرہ میں سے دو عنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (5X1=5)

حصہ (ج): عملی قواعد (Grammar) 20

☆ فعل ماضی، فعل حال، فعل مستقبل، فعل معروف، فعل مجہول، اسم معرفہ، اسم نکرہ، رموز واوقاف متضاد ومترادف الفاظ، واحد وجمع، سابقہ ولاحقہ، مذکرومونث، وغیرہ سے متعلق دو دو نمبر کے آٹھ سوالات کیے جائیں گے۔ (2X8=16)

☆ الفاظ، محاورے اور کہاوتوں کا جملوں میں استعمال۔ (1X4=4)

حصہ (د): ادب (Literature) 15

نثری حصہ:۔ 08

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

☆ دو دو نمبر کے تین سوال (2X3=6)

☆ ایک ایک نمبر کے دو سوال (1X2=2)

شعری حصہ:۔ 07

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

☆ دو دو نمبر کے دو سوال (2X2=4)

☆ ایک ایک نمبر تین سوال (1X3=3)

نصاب:

درسی کتاب:

''جان پہچان'' حصہ 5 (دسویں جماعت کے لیے)

نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:

(۱) قول کا پاس

(۲) پانی کی آلودگی

(۳) رباعیات

(۴) غزل: ذوق

(۵) نئی روشنی

(۶) اونٹنی

''دور پاس''

نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:

(۱) کلہاڑی کی کھچڑی

(۲) شارک مچھلی

(۳) کنواں بیچا ہے کنویں کا پانی نہیں

(۴) غزل: ناطق گلاوٹھوی

(۵) شہد کی مکھّی: نظم

(۶) رباعیات

**''اردو قواعد اور انشاء''**(ثانوی اور اعلیٰ ثانوی درجات کے لیے)